

Your man in Toronto

Before you buy your next new or used car give "Ted" Quinlan a try. Ted, has over twenty years of successful selling experience to offer the best deal to his friends.

TED QUINLAN
SALES REPRESENTATIVE

751-1100

IRVINE
ALEX IRVINE MOTORS (1970) LTD.

2655 LAWRENCE AVE. E., SCARBOROUGH, ONT. M1P 2S2

نہ ہاؤ کبھی پاس کی گفتگو / کہ قرآن میں آیا ہے لاتقنطوا

MESSENGER

پیغامبر

جلد ۲ | ۶ اکتوبر ۱۹۷۹ء | شمارہ ۱۵

ملک کی سالمیت انتخابات سے کہیں زیادہ اہم ہے، جنرل ضیا

سالمیت اور استحکام کے خطرے کے سامنے انتخابات کا وعدہ کوئی وقعت نہیں رکھتا

قذافی اسٹیڈیم میں نماز جنازہ کے موقع پر انقلاب انقلاب اسلامی انقلاب کے نعرے

صدر ضیا اور عالم اسلام کے ممتاز علما نے نماز میں شرکت کی

ایران بین الاسلامی اتحاد کیلئے کوشش کریگا

ملاؤں کا فرض ہے کہ وہ سیاست میں مداخلت کریں

بھارت میں تیل کی قلت کی وجہ سے متعدد پروازیں منسوخ

ایک پاکستانی کے لئے یا عہدہ

بلدیاتی الیکشن کی مہم میں

سیکولرازم اور سوشلزم پاکستان کو کمزور کردیں گے جنرل ضیا

شریعت کے مطابق اگر ایک بھی چور کا ہاتھ کاٹ دیا جاتا تو ڈاکے بند ہو جاتے



یہودی پاکستان کے خلاف سازش کر رہے ہیں

[illegible]

IMPORTANT NEWS ABOUT THE CANADA SAVINGS BONDS YOU NOW OWN.

BONUSES DUE ON ISSUES DATED BEFORE 1974

If you own unmatured Canada Savings Bonds dated prior to November 1, 1974, you are entitled to a special cash bonus payment on November 1, 1979. Here are the eligible Series and the amounts payable per $100 face value:

Series	Cash Bonus Payable November 1, 1979
1967/68 (S22)	$32.50
1968/69 (S23)	$23.50
1970/71 (S25)	$16.75
1971/72 (S26)	$19.75
1972/73 (S27)	$20.25
1973/74 (S28)	$20.50

(Holders of the Centennial Series, dated Nov. 1, 1966 and maturing on Nov. 1, 1979, will receive at maturity a cash bonus of $20.75 per $100 face value.)

These cash bonuses, which were introduced in 1974, increase the effective annual yield on the bonds to 10¼% from September 1, 1974 to October 31, 1979.

A FINAL BONUS AT MATURITY

In addition to the November 1, 1979 cash bonus, you will also receive a final cash bonus payment, providing you hold these bonds to maturity. With the final bonus, your bonds will continue to yield 10¼% to their maturity date.

Series	Maturity Date	Final Cash Bonus Payable at Maturity Per $100 Face Value
1967/68 (S22)	Nov. 1, 1980	$ 4.50
1968/69 (S23)	Nov. 1, 1982	$11.75
1970/71 (S25)	Nov. 1, 1981	$ 5.50
1971/72 (S26)	Nov. 1, 1980	$ 2.75
1972/73 (S27)	Nov. 1, 1984	$17.00
1973/74 (S28)	Nov. 1, 1985	$21.50

HOW TO CLAIM YOUR NOVEMBER 1, 1979 BONUS

Simply take your bond to any bank or other authorized Canada Savings Bond issuing agent. As proof of payment, they'll remove the upper left hand corner and the bond will then be given back to you. Remember, you do not have to redeem your bond or clip any of the interest coupons in order to get this cash bonus payment.

Starting October 9 you can make advance arrangements to claim your special cash bonus. If you act in October, all the paperwork in connection with the payment of the cash bonus will be done for you immediately and the transfer of funds will take place automatically on November 1.

YIELD INCREASED ON LAST FIVE ISSUES

Effective from November 1, 1979 the average annual yield to maturity on issues dated November 1, 1974 to November 1, 1978 has been increased to 10¼%.

1974/75, 1975/76 AND 1976/77 SERIES

Holders of these Series will receive the new, higher return in the form of a cash bonus payable on the maturity date of the bonds. The cash bonus increases the effective annual yield on these bonds to 10¼% from November 1, 1979 to maturity. Here are the bonuses payable per $100 face value:

Series	Maturity Date	Cash Bonus Payable at Maturity
1974/75 (S29)	Nov. 1, 1983	$2.50
1975/76 (S30)	Nov. 1, 1984	$4.75
1976/77 (S31)	Nov. 1, 1985	$8.00

To receive your cash bonus, you have to hold your bond to maturity. You can however continue to cash your coupons or interest cheques each year and still be entitled to the cash bonus.

1977/78 AND 1978/79 SERIES

Effective from November 1, 1979 these Series will now yield 10¼% interest for each remaining year to maturity.

With the increased rate of return, holders of Regular Interest Bonds of these Series will now receive an annual interest payment of $102.50 per $1,000 face value each November 1, beginning in 1980, until the bonds mature.

For Compound Interest Bonds, interest will now accumulate at the new rate of 10¼% a year. This interest is payable when the bonds are redeemed or at maturity. Here's how the value of a $100 Compound Interest Bond will now grow:

	1977/78 Series	1978/79 Series
Nov. 1, 1979	$115.81	$109.50
Nov. 1, 1980	$127.69	$120.72
Nov. 1, 1981	$140.77	$133.10
Nov. 1, 1982	$155.20	$146.74
Nov. 1, 1983	$171.11	$161.78
Nov. 1, 1984	$188.65	$178.36
Nov. 1, 1985	$207.99	$196.65
Nov. 1, 1986	$229.30	

CANADA SAVINGS BONDS A GREAT CHOICE

New Canada Savings Bonds yield 10¼% every year for 7 years.
On sale October 9th.

THE MESSENGER
پیغامبر
(اسکاربرو (کینیڈا
پبلشر وایڈیٹر: سہیل اختر
معاون: حسنین اختر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خوش آمدید
ڈاکٹر کلیم عاجز

اہلِ ادب حضرات کیلئے انتہائی خوشی کی بات ہے کہ ہندوستان کے ایک نامور شاعر ڈاکٹر کلیم عاجز جو صوبہ بہار کے نامور شاعر ہیں ان دنوں یہاں تشریف لا رہے ہیں۔

پروفیسر کلیم عاجز کی شخصیت اردو شاعری اور اہلِ ادب کیلئے محتاجِ تعارف نہیں ہے بلکہ میں پورے اعتماد کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ عاجز کی شاعری نے اردو ادب کو ایک نیا فکر و فن عطا کیا ہے جسے پڑھنے اور سننے سے میر کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔

کلیم عاجز کی شاعری کا کمال فن یہ ہے کہ انہوں نے غم جاناں اور غم دوراں کو اس طرح ڈھالا ہے کہ دونوں ایک دوسرے میں پیوست ہو گئے ہیں۔ ملاحظہ ہو ان کا یہ شعر

عشقیوں کا جلال دیکھیں گے اہلِ الفتوں کا جمال دیکھیں گے
تجھ کو اے خونِ دل غزل کے سانچے میں ڈھال دیکھیں گے

اس کے علاوہ عاجز کی شاعری میں کئی واقعات و حادثات کی عکاسی ہوتی ہے اور یہ حادثہ ایک عینی المیوں سے جڑا ہوا ہے۔ مجھے احساس ہوتا ہے کہ عاجز صاحب نے اپنے خونِ جگر سے اپنی غزلوں کی آبیاری کی ہے اپنے ٹوٹے ہوئے دل کا نقش نگار بنایا ہے۔ کلیم عاجز کی شاعری کا آغاز ۱۹۴۶ء کے خونی فسادات سے ہوتا ہے جس میں ان کا گاؤں تباہ ہو گیا اور اس کے دوران میں ان کی والدہ محترمہ اور بہن نے شہادت پائی۔

ان کی غزلوں کا ایک مجموعہ "وہ جو شاعری کا سبب ہوا" آج سے چار سال پہلے بازار میں مقبول ہو چکا ہے۔ اس کتاب کی قیمت ۱۲۵ روپیہ ہے۔ مرزا غالب کے بعد اتنی قیمتی کتاب میرے خیال میں اردو ادب میں نہیں آئی ہے۔

کلیم صاحب ایک ممتاز شاعر ہونے کے علاوہ ایک دیندار انسان بھی ہیں جن کی صحبت سے اللہ کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ انشاء اللہ موصوف محترم کا قیام یہاں چندرہ بیس دنوں تک رہے گا۔ مجھے یقین کامل ہے کہ "بزم ادب ٹورانٹو" کی جانب سے ان کے اعزاز میں متعدد محافل اور مجلسیں منعقد ہوں گی۔

ادارہ پیغامبر، بزم ادب ٹورانٹو و تعلیم ادب ٹورنٹو کا اور خاص طور پر ڈاکٹر خورشید احمد ملک کا شکر گزار ہے جن کے تعاون سے عاجز صاحب ہم تک تشریف لائے۔

[illegible]

مشعلِ ہدایت
ابوالاعلیٰ مودودی

جماعت اسلامی کے عظیم رہنما سید ابوالاعلیٰ مودودی ۲۵ ستمبر ۱۹۰۳ء کو اورنگ آباد (دکن) میں پیدا ہوئے۔ علمی زندگی کا آغاز صحافی کی حیثیت سے "اخبار الجمعیت" سے کیا۔ ۲۶ اگست ۱۹۴۱ء کو جماعت اسلامی کی بنیاد رکھی۔ آپ نے دینی و سیاسی مسائل پر لاتعداد کتابیں تصنیف کیں۔ آپ کا سب سے بڑا کارنامہ "تفہیم القرآن" ہے۔ آپ کی تصانیف میں سب سے زیادہ "خلافت و ملوکیت" نے شہرت حاصل کی۔ آپ کا وصال امریکہ کے شہر بفلو میں ۲۲ ستمبر ۱۹۷۹ء کو ہوا۔

○ جو شخص خدا کی بخشی ہوئی دولت میں سے خدا کے بندوں کا حق نہیں نکالتا اس کا مال ناپاک ہے اور مال کے ساتھ اس کا نفس بھی ناپاک ہے۔

○ اسلام دولت کی مساویانہ تقسیم کا قائل نہیں بلکہ منصفانہ تقسیم کا قائل ہے۔

○ مچھروں کے پروں کا انبار خواہ کتنا ہی بڑا ہو کبھی قلعہ نہیں بن سکتا۔

○ میدانوں کے مقابلے سے جی چرانا اور قلعوں کے پیچھے چھپنا بزدلی ہے۔

○ دراصل انجام کا فرق آغاز ہی کے فرق کا نتیجہ ہے۔

○ قوت ہی حق ہے اور کسی قوم کے لئے اس کی اپنی طاقت کے سوا اس کے حق کی حفاظت کا کوئی ذریعہ نہیں۔

○ فتح اسلحہ سے نہیں، علم اور خدا پر اعتقاد سے حاصل ہوتی ہے۔

○ ترقی کا راز لگاتار محنت اور تکرارِ عمل میں پوشیدہ ہے۔

○ عبادت کا منشا یہ ہے کہ تم اللہ کے غلام بن جاؤ اس کے احکام پر شب و روز عمل کرو۔ میدان میں کٹ مرو مگر پیٹھ نہ دکھاؤ اور فرقہ بندی چھوڑ کر سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جاؤ۔

○ جب تک ہر شخص اپنے فریضہ کو ادا کرنے کا عزم نہ کرے قوم کبھی ترقی نہیں کر سکتی۔

سچی باتیں

دنیا میں جتنی بھی سلطنتوں کی فوجیں ہیں بڑے بڑے [illegible] زمین کے کسی مخصوص خطہ و قبیلے کے اندر ہی ان کا وجود ہے [illegible] فوج ایسی ہے جس کے سپاہی تھوڑے یا بہت ساری زمین کے ہر حصہ [illegible] میں پھیلے ہوئے ہیں اور ایک ہی وقت میں [illegible] بھی اور چین میں بھی، استنبول میں بھی اور لندن میں بھی، مختلف شہروں کے مختلف محلوں کے مختلف بستیوں اور مختلف شغلوں میں بھی [illegible] [illegible]

[illegible] کی نظیر کہیں ملے گی؟ اسے شکست دینے کا حوصلہ دنیا کی کوئی قوت کر سکتی ہے؟

[illegible] مسلمان دنیا کے کسی حصہ میں ہو کسی حال میں ہو جونہی نماز کا وقت آیا [illegible] [illegible] مسلمان امیر و فقیر [illegible] [illegible]

[illegible]

[illegible] جسے بھی ہر حال میں اپنے فریضہ [illegible]

صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی
اگر ٹھیک سمت پر چلا جائے تو صحیح رہنمائی بھی کر سکتی ہے
(خطبہ صحافیوں سے حضرت قائد اعظم)



کینیڈا میں رہنے والے قارئین وطن کی خبریں اور خبریں پڑھیے اور دوستوں کو دادیں

غیر رجسٹرڈ گوشت کو حلال کہہ کر بیچنے والوں کو بھاری جرمانے اور جیل کی سزا

فیڈرل گورنمنٹ نے قانونی کارروائی کرنے کا فیصلہ کر لیا - الفرقان کے ایوب قریشی تفتیش کرنے والوں کو خوش آمدید کہتے ہیں

ٹورانٹو: یہ بات وثوق سے معلوم ہوا ہے کہ مسلمانوں کی شکایت پر فیڈرل گورنمنٹ ایسے لوگوں کے خلاف تفتیش کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جو غیر رجسٹرڈ گوشت کو حلال کہہ کر فروخت کرتے ہیں۔ ایسے شخص کو بھاری جرمانہ اور جیل کی سزا ہو سکتی ہے۔

ٹورانٹو شہر میں حلال گوشت کی متعدد دکانیں ہیں اور ہر دکاندار یہ دعویٰ کرتا ہے کہ صرف وہ حلال گوشت فروخت کرتا ہے اسی وجہ سے گزشتہ چند سالوں سے یہاں کے مسلمانوں میں شدید بے چینی پائی جا رہی ہے۔ اسی سلسلے میں جاننے والوں نے ...

ٹورانٹو کی سب سے قدیم دکان الفرقان کے مالک جناب ایوب قریشی سے رابطہ قائم کیا۔ ایوب قریشی نے کہا ہم تفتیش کرنے والوں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ اس سلسلہ اگر کوئی یہ ثبوت چاہتا ہے کہ ہم جانور کہاں ذبح کرتا ہے تو ہمارے پاس آئے ہم خوشی سے ... خواہ ہم ... گوشت سپلائی کرنے کا ابھی بڑا ارادہ ہے اس کا کہنا ہے کہ صرف ایک دکاندار مسلمانوں پر جانور ذبح کرتا ہے۔

ہمارے نمائندہ نے جب ہاؤس آف حلال میٹ کے محمد اسمٰعیل صاحب سے رابطہ قائم کیا تو انہوں نے کہا "ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ کون دکاندار غیر ذبیحہ گوشت فروخت کرتا ہے لیکن ہم اتنا یقین دلا سکتے ہیں کہ ہم جو گوشت فروخت کرتے ہیں وہ حلال ہے ہمارے ہاتھ سے ذبح شدہ جانور کا ہوتا ہے۔ ہمارے ایک حوالے پر انہوں نے کہا "بیگ کینیڈا" چکن کو گوشت سپلائی کرنے کے لیے ان کا ... ہے لیکن ہم وہاں نہیں جاتے۔ جانور ذبح کرنے کی اور ... محمد اسمٰعیل نے اس بات پر مسرت کا اظہار کیا کہ حکومت بھی ... اس سلسلہ میں تفتیش کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

گرد و پیش

چاندنی چوک میں آگ لگ گئی

ٹورانٹو: ۲۵ ستمبر کی صبح تقریباً ۸ بجے چاندنی میں بجلی کے تار کی خرابی کی بنا پر اتفاقیہ طور پر آگ لگ گئی۔ فلور کو جس پر متعدد دکانیں ہیں کافی نقصان ہو چکا ہے۔

چاندنی چوک، انڈو پاک کمیونٹی کا ایک خوبصورت بازار ہے ۱۸ اکتوبر تک کیلئے بند ہے۔ مرمت کا کام جاری ہے۔ امید ہے کہ ۱۸ اکتوبر کو چاندنی چوک اپنی آب و تاب کے ساتھ عوام کیلئے کھول دیا جائے گا۔

خواجہ معین الدین چشتیؒ

ٹورانٹو: کینیڈین سوسائٹی آف مسلمز کی جانب سے خواجہ معین الدین چشتیؒ کی چھٹی شریف کی فاتحہ کا اہتمام کیا ہے۔ پروگرام میں حیدر آباد کے مشہور موسیقار امیر محمد خان صاحب غزلیات اور نعتیہ کلام پیش کریں گے۔ یہ پروگرام انٹرنیشنل سٹوڈینٹس سنٹر واقع ۳۳ سینٹ جارج سٹریٹ (نزد کالج سٹریٹ) ٹورانٹو میں مورخہ ۲۸ اکتوبر ۱۹۷۹ء بروز اتوار بوقت ۳ بجے بعد از دوپہر کو پیش کیا جائے گا۔ مزید معلومات کیلئے اس نمبر پر فون کیجئے۔ 496-2219

اس تقریب میں داخلہ مفت ہے۔

انڈیا کے کرایہ میں اضافہ

ٹورانٹو: انڈیا کیلئے ہوائی جہاز کے کرایہ میں ۱۴ اکتوبر سے اضافہ ہو گیا ہے۔ اب ہندوستان جانے کیلئے مسافروں کو تقریباً ۱۳۱ ڈالر زیادہ ادا کرنے پڑیں گے۔ باوثوق ذرائع سے پتہ چلا ہے کہ عنقریب پاکستان کے کرایہ میں بھی اضافہ ہونے والا ہے۔

ماہنامہ پاکیزہ کا دوسرا شمارہ

شائع ہو چکا ہے جسے ہندو پاک کے گروسری سٹوروں سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

ٹورانٹو میں کرکٹ کے سیزن کا اختتام

نیشنل کرکٹ کلب کا آخری میچ کیولیئرز کے مابین ڈرا ہو گیا

ٹورانٹو (حسین اختر) ٹورانٹو میں کرکٹ کے سیزن کا آخری میچ نیشنل کرکٹ کلب اور کیولیئرز کے درمیان ڈرا ہو گیا۔ نیشنل کرکٹ کلب نے پہلے بیٹنگ کی۔ میچ کا آغاز بڑے جارحانہ طریقے سے ہوا۔ ٹیم کے کپتان نیشنل کرکٹ کلب کی ۱۹۶ رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔

افضال ظفر

افضال ظفر نے وکٹ کے چاروں طرف اسٹروک کھیلے اور ۵۱ رنز بنائے۔ عابد رضوی اور افضال ظفر نے پہلی وکٹ کی پارٹنرشپ میں ۷۹ رنز بنائے۔ بدقسمتی سے عابد رضوی صرف ۲۹ رنز بنا کر آؤٹ ہو گئے۔ پرویز خواجہ نے بہت اچھی بیٹنگ کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے ۱۵ منٹ بیٹنگ کی اور ۴۳ رنز بنائے جس میں چھ چوکے شامل تھے۔ یاد رہے کہ پرویز خواجہ نے اسی ٹیم کے خلاف گزشتہ میچ میں ۱۱۱ رنز بنائے تھے۔

کیولیئرز کرکٹ کلب نے جواب میں ۱۵۰ رنز بنائے تھے کہ کھیل کا وقت ختم ہو گیا گرچہ اس وقت تک کیولیئرز کرکٹ کلب کے صرف ۸ کھلاڑی آؤٹ ہوئے تھے۔ کیولیئرز کے محمد ... ۴۲ رنز بنائے۔ میچ کا آخری میچ دیکھنے کیلئے ہندو پاکستانی، انگلینڈ اور ویسٹ انڈیز کے کافی لوگ موجود تھے۔ اکثریت کی رائے تھی کہ نیشنل کرکٹ کلب کے کھلاڑیوں نے حاضرین کی فیلڈنگ کا مظاہرہ کیا۔ بہت آسان کیچ چھوڑے۔ جس کا نتیجہ کے نتیجہ پر ہوا اور کیولیئرز کرکٹ کلب میچ کو ڈرا کرنے میں کامیاب ہو گئی۔

فیڈریشن آف پاکستانی کینیڈینز کے نیشنل چیئرمین اور ریجنل چیئرمین کی جانب سے مشترکہ طور پر اعلان کیا جاتا ہے کہ فیڈریشن کے انتخابات ضابطے کے مطابق ایک مقررہ وقت پر ہوں گے جس کا اعلان فیڈریشن کے سیکرٹریٹ سے کر دیا جائے گا کوئی فرد یا گروہ اگر فیڈریشن کے نام پر انتخاب کراتا ہے یا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو اس سے منسلک افراد اس حرکت کے خود ذمہ دار ہوں گے۔ اس کا فیڈریشن سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ کسی فرد یا گروہ کو فیڈریشن کے نام پر کوئی تقریب منعقد کرنے کی اجازت نہیں ہے، ایسا کرنے والے قانونی طور پر جرم کے مرتکب ہوں گے۔

فیڈریشن کے مشاہدے میں یہ بات بھی آئی ہے کہ کئی ہفتوں سے ایک خاتون اور چند افراد خود غرضانہ مفاد کی خاطر فیڈریشن کے عہدیداروں کے خلاف غلط پروپیگنڈہ اور لغو و من گھڑت باتیں پھیلا رہے ہیں، ایسے افراد کے خلاف قانونی چارہ جوئی بھی کی جا سکتی ہے۔

عوام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر فیڈریشن کے متعلق ذرا بھی شک و شبہ ہو تو فیڈریشن کے سیکرٹریٹ پر فون کریں فون نمبر درج ذیل ہے۔
362-0435
690-6803



New Low, Low Price Special
SOFFIT & FASCIA
& 5" SEAMLESS EAVESTROUGHING
⊙ 160 Linear Ft. of Soffit up to 16 inches wide
⊙ 160 Linear Ft. of Fascia up to 8 inches wide
⊙ 160 Linear Ft. of 5-inch Seamless Trough
Completely Installed
$1150
EVERSHINE HOME IMPROVEMENT CO.
CALL AZHAR SHAIKH
(416) 469-0904
پیغامبر کا حوالہ دینے پر ۲۰ فیصد رعایت

پشاوری تکہ کباب

اب حلال گوشت سے تیار شدہ کھانے دستیاب ہیں

PESHAWARI TIKKA & KABOB
401 Donlands TORONTO
Take Out Services
425 5840

TRAVEL & TRAVEL
or
Let Them Travel: To Or Any Where In The WORLD
consult the experts
UNIVERSE TRAVEL AGENCY
3316 KEELE STREET
DOWNSVIEW, ONTARIO, CANADA, M3M2H7
Z. MODI 630-7393
SPECIALISTS IN ROUND TRIPS TO
PAKISTAN • INDIA • BANGLADESH

We are famous for Halal Meat, and all sorts of Spices
at
Reasonable Prices!

حلال گوشت اور مرغیاں
نہایت سستے داموں دستیاب ہیں
کیا آپ بقرعید کے موقع پر
قربانی کرنا چاہتے ہیں؟
آج ہی ہمیں فون کیجیے
ہم ٹورنٹو آپ کی خدمت کے لئے کوشاں ہیں

AFRO ASIAN
Importers, Exporters & Distributors of Foods
918 PAPE AVENUE
TORONTO
Your Halal Hot-Line -: 463-1287

[illegible]

بقیہ آپ سے کیا پردہ

[illegible]

اس اداکارہ کی تمام تفصیلات دی جا رہی ہیں جس کی فلمیں آپ دیکھ چکے ہیں ان فلموں کے نام بھی دیے جا رہے ہیں اس اداکارہ کا نام آپ بتائیے!



اگر وہ اسے اگر نہ ملی تو وہ جیل سے فرار ہو جائیگا

آغاز اس اداکارہ کو جس پہلی فلم میں کاسٹ کیا گیا اس فلم میں اس کا کردار ...... ایک ایسا کردار بن چکا تھا۔ جو ہمیشہ زندہ رہے گا۔

ہوا کچھ یوں کہ روسی نژاد مصنف نابکوف نے ایک ناول "لولیتا" کے نام سے لکھا۔ نابکوف بچپن میں روس سے چلا آیا۔ اور ایک عرصہ فرانس میں رہا تھا۔ اس نے ابتدا میں جو کہانیاں اور ناول لکھے وہ روسی زبان میں چھپ چکے تھے۔ اسے انگریزی کم آتی تھی۔ اس کے روسی زبان میں لکھے ہوئے ناول انگریزی میں ترجمہ ہو کر خاصے مقبول ہوئے۔

لیکن وہ شہرت کی ان بلندیوں سے ابھی بہت دور تھا۔ جس کا خواب ہر مصنف دیکھتا ہے۔ نابکوف امریکہ آگیا۔ وہیں شہرت حاصل کی۔ اور وہاں روسی ادب کے ایک استاد کی حیثیت سے ایک بڑے تعلیمی ادارے میں پڑھانے لگا۔

اب وہ انگریزی زبان پر قدرت حاصل کر چکا تھا چند ایک چھوٹے ناول لکھے گئے جن کے بعد اس نے ایک بڑا اور معرکۃ الآرا ناول لکھا۔

جس کا نام "لولیتا" تھا۔

اس ناول کی اشاعت تہلکہ خیز تھی۔ نابکوف کا دعویٰ تھا کہ اس نے تو یہ ناول انگریزی زبان کی محبت میں لکھا ہے۔

جنس، تجزیہ نفس اور دیسی کمزوری کا ملا جلا امتزاج ہی ناول بن گیا۔

دراصل اس ناول کا مرکزی کردار تمام معاشرے امریکہ جس کے باشندے، ماحول اور مقامات کی بڑی خوبصورتی سے عکاسی کی گئی ہے۔ لیکن ایک دنیا تھی جو اس ناول کو سنسنی خیز، فحش اور مخرب اخلاق قرار دے رہی تھی۔ لوگوں کو اس کی چھوٹی قسم اور کرداروں پر شدید اعتراض تھا۔ اس ناول میں ایک ادھیڑ عمر کا شخص ہے جو [illegible] کا شکار ہے۔ یہ ایک نفسیاتی اصطلاح ہے۔ جس کا مطلب ہے کم عمر لڑکیوں کی محبت میں مبتلا ہو جانا۔

ادھیڑ عمر کا شخص آدمی لولیتا کو دیکھتا ہے اور اس کی محبت میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ لولیتا کی عمر اس وقت فقط ۱۲، ۱۳ برس ہے۔ وہ لولیتا کا قرب حاصل کرنے کے لیے اس کی بیوہ ماں سے شادی کر لیتا ہے۔ اس کے لیے وہ باقاعدہ منصوبہ بناتا ہے۔ شادی کے بعد اس کا پول کھل جاتا ہے۔ لولیتا کی ماں ماری جاتی ہے۔ اب وہ ہے اور اس کے عزائم ہیں اور لولیتا ہے۔ وہ لولیتا کو لیے لیے پورے امریکہ میں گھوم رہا ہے۔

ایک جنون اور پاگل پن کا سفر ہے۔

اور پھر یہ انکشاف ہوتا ہے کہ لولیتا تو خود اسے ایسی ترغیب دے رہی تھی۔ وہ معصوم دکھائی دیتی تھی لیکن یہ کہانی آگے بڑھتی ہے۔ کچھ اور کردار آتے ہیں اور لولیتا ادھیڑ عمر کے آدمی سے بچھڑ جاتی ہے۔ پھر وہ ایک لڑکے سے شادی کر لیتی ہے۔ ادھیڑ عمر کے مرکزی کردار کی روح کا خلا پھیلتا چلا جاتا ہے۔ وہ اس شخص کو ہلاک کر دیتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ لولیتا سے بچھڑا تھا۔

یہ ایک بامعنی خیز، دردناک انسانی نفسیات کی گہرائیاں لیے ہوئے یہ ناول ہے۔ جس کا ہلکا اور معمولی سا خاکہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔

یہ ناول امریکہ میں ممنوع قرار دیا گیا۔ مقدمہ بازی ہوئی۔ مصنف جیت گیا۔ انگلستان میں بھی اس کے ساتھ یہی سلوک ہوا۔ پہلے پابندی پھر مقدمہ بازی، اور پھر مصنف کی جیت ...... لیکن اس ناول نے عالمگیر شہرت حاصل کی۔ اسی ناول پر مبنی فلم بنانے کا ارادہ کیا گیا۔ اور ہالی ووڈ کے چند بڑے پروڈیوسروں میں سے ایک سٹینلے کیوبرک نے لولیتا بنانے کا اعلان کر دیا۔

اب ایک ایسی لڑکی کی ضرورت تھی جو لولیتا کا کردار ادا کر سکے۔ اس لڑکی کے انتخاب کے لیے سینکڑوں لڑکیوں سے انٹرویو کیا گیا۔ اور پھر قرعہ ...... کے نام نکلا۔ اس فلم کے اہم اور طاقتور کردار کو ادا کرنے سے پہلے اس نے کچھ ماڈلنگ کی تھی۔ یا اس نے چھوٹی معمولی نوعیت کے کردار ادا کیے تھے۔ لولیتا میں اس کے ساتھ جیمس میسن نے اس کے عاشق کا کردار ادا کیا۔ اور پیٹر سیلرز نے اس شخص کا جسے جیمس میسن ہلاک کرتا ہے جبکہ شیلے ونٹرز جیسی بہترین اداکارہ نے اس کی ماں کا کردار ادا کیا۔

جب یہ فلم مکمل ہوئی تو ایک نئے ہنگامے نے جنم لیا۔ امریکی سنسر بورڈ نے ہم خیال کی اس فلم کی نمائش پر پابندی لگا دی۔ لیکن بہت شور مچا۔ اور بالآخر اس فلم کو دے دیا گیا۔ سرٹیفکیٹ دے دیا گیا۔ یعنی صرف بالغوں کے لیے

خود فلم کی ہیروئن اپنی فلم کو کبھی سینما ہال ...

کیونکہ فلم بالغوں کے لیے تھی اور وہ ابھی نا...

فلم کو "اے" سرٹیفکیٹ دیا گیا۔ یعنی صرف بالغوں کے لیے

مزے کی بات یہ ہے کہ خود وہ اداکارہ اس فلم کو کسی سینما ہال میں نہ دیکھ سکی۔ کیونکہ وہ لڑکی جس نے اس فلم میں ہیروئن کا کردار ادا کیا خود نابالغ تھی۔

اس کردار میں وہ بے حد پسند کی گئی۔ اسے بے حد سراہا گیا۔ "لولیتا" بن گئی۔ ساری دنیا میں اس کی دھوم مچ گئی۔ اور لیل وہ عالمگیر شہرت کی مالک بن گئی۔

اس کی دوسری فلم "دی نائٹ آف دی اگوانا" تھی جس کی فلم بندی میکسیکو میں ہوئی۔ اس فلم میں اس کے ساتھ رچرڈ برٹن، آوا گارڈنر اور ڈیبرا کار تھے۔ فلم بندی کے دوران اس کی اور رچرڈ برٹن کے رومان



[illegible]

کی بڑی افواہیں سنی گئیں۔ لیکن رچرڈ برٹن اور لز ٹیلر ... جان نہ ...

اس اداکارہ نے ایک ایسے شخص سے شادی کی جو عمر میں اس سے ۱۲ سال بڑا تھا۔ اس کی عمر اس وقت ۱۸ سال کی تھی اور شوہر کی ۲۵ برس۔ شوہر کا نام ... شادی کا انجام نہایت برا ہوا۔ ...

شادی کے نتیجے میں اس اداکارہ ...

اُس نے دُنیا کی تمام رسموں کو بھول کر ایک قاتل سے ش...



ہمارا نعرہ یقین، اتحاد اور تنظیم ہے

چار برس تک وہ اپنی شہرت بالائے طاق رکھ کر ویت نام کے غریب اور نادار عوام میں رضاکار کی حیثیت سے انسانیت کی خدمت میں مصروف رہی!

ذرا سوچئے کہ
کیا ہمارے ہاں
کوئی اداکارہ ایسا
سوچ بھی سکتی ہے؟

...نی فلم کو کسی سینما ہال میں نہ دیکھ سکی

...یے تھی اور وہ ابھی نابالغ تھی!

اس کی اداکاری کی دھوم پہنچی اور ساری دنیا میں اس کی دھوم مچ گئی



...قاتل سے شادی کرلی

وہ قارئین جو اس اداکارہ کا صحیح نام بتائیں گے انہیں پیغامبر کی طرف سے ایک خصوصی انعام ایک دلچسپ کتاب دی جائے گی۔ صحیح نام بتانے والے قارئین کے ناموں کی قرعہ اندازی ہوگی۔ قرعہ اندازی میں نکلنے والے ایک قاری کو انعام دیا جائے گا ادارہ کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

صحیح نام بھیجنے کی آخری تاریخ ۱۵ نومبر ہے۔ ۲ دسمبر کے شمارہ میں صحیح حل کا اعلان کیا جائے گا اس کے علاوہ اس اداکارہ کا صحیح نام اور تصویر بھی شائع کی جائے گی۔

پیغامبر پڑھئے اور تنقید کیجئے، ہم نقاد کی قدر کرتے ہیں، آپ کی تنقید ہماری کامیابی ہے۔



تم ایک شخص کو قتل کر سکتے ہو؟
کیا؟ میں نے ایک دم چونک کر اس کی طرف دیکھا
یہ میرے سامنے بیٹھی ہوئی عورت تھی۔ میں ایک منٹ تک
حیرت کے عالم میں اسے دیکھتا رہا۔ وہ مجھے اس لمحے
بالکل بدلی ہوئی صورت نظر آ رہی تھی، وہ میرے
لیے بالکل اجنبی تھی، مجھے ریسٹورنٹ میں آئے
زیادہ دیر نہیں ہوئی تھی کہ وہ بھی وہاں آ گئی تھی
وہ سیدھی میری میز کی سمت بڑھی تھی اور اجازت
لے کر سامنے کی کرسی پر بیٹھ گئی تھی۔ اس کی عمر تیس
سے زیادہ نہ تھی۔ اس کے لباس سے پتا چل رہا تھا کہ
کم از کم اس چھوٹے سے قصبے کی رہنے والی نہیں ہے۔
میرا قیام اس قصبے میں پچھلے ایک ہفتے سے تھا
اور میں اب قصبے سے جا رہا تھا۔ اسی دن میں نے
سرکس کے مالک سے اپنا حساب صاف کیا تھا اور میرا
ارادہ تھا کہ شام سے قبل ہی رخصت ہو جاؤں گا۔ اصل
میں ایک آوارہ گرد شخص ہوں۔ آپ مجھے ہر فن مولا بھی
کہہ سکتے ہیں۔ مجھے بہت سے کام آتے ہیں۔ انہی کاموں
میں سے ایک کام یہ بھی ہے کہ میں خنجر باز ہوں۔

دلی اسپیشل فوڈز



تازہ حلال گوشت سے تیار کردہ مصالحے دار
بریانی، کباب، اور دوسرے لذیذ کھانے یہاں
کھائیں یا اپنے ہمراہ لیتے جائیں۔

DILLI SPECIAL FOOD

Pakistani Specialties in Biryani,
Niyari At Their Best

401 Donlands Avenue, Toronto, Ontario

421-9572

یہ کینیڈا ہے یہاں اخلاق میں وسعت بہت
ہے یہاں خفیہ بہت سے دستکارِ زندگی

شاہد نقوی

شاہد نقوی، جن کے کلام میں ظرافت کا رنگ واضح ہے، ۱۹۰۵ء میں لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ بچپن کی ابتدائی تعلیم گھر پر بذریعہ اساتذہ ہوئی بعد ازاں جوبلی ہائی اسکول لکھنؤ میں داخلہ ہوا، کچھ عرصہ بعد شیعہ کالج لکھنؤ میں اپنی تعلیم جاری رکھی۔ بعد فراغت تعلیم برٹش انڈیا میں حکومت برطانیہ کی ملازمت کی۔ ۱۹۴۸ء میں کراچی آئے اور اسی شہر میں اکاؤنٹنٹ کی خدمات انجام دیتے رہے۔ فروری ۱۹۷۵ء میں کینیڈا آگئے اور شہر ٹورانٹو میں ہی رہائش پذیر ہیں۔ مشق سخن کو تقریباً ۴۵ سال گزر چکے ہیں۔ شاعری کی ابتداء ۱۹۳۲ء سے کی۔ جوانی کا جوش اور پھر کلام میں شوخی اور ظرافت، حلقۂ ادب میں خوب نام پیدا کیا۔ ہم عصروں میں آلِ رضا لکھنوی، آرزو لکھنوی، مجذوب دہلوی، جوش ملگرامی، ساحل ملگرامی، ماہر لکھنوی اور صفدر لکھنوی کے نام قابلِ ذکر ہیں۔

زندگی

شاہد نقوی ٹورانٹو

آجکل زوروں پہ ہے یہاں کاروبارِ زندگی
دیکھ کر رکھنا قدم اے کاشتکارِ زندگی

یہ کینیڈا ہے یہاں اخلاق میں وسعت بہت
ہے یہاں خفیہ بہت سے دستکارِ زندگی

کم نہیں ہیں پیشتر سے انکے موجودہ فریضہ
ایک سے بڑھ کر ملا اک شہسوارِ زندگی

بندہ پرور وصل کی شب آپ گھبرائیں نہیں
ہے حکومت کی طرف سے اعتبارِ زندگی

غم نہ کیجئے فکر کرنے کی ضرورت ہی نہیں
ہے یہاں قانون میں قائم وقارِ زندگی

زندگی کے عیش میں مصروف کچھ دن رہ لیے
کر رہے ہیں آج مل کر انتظارِ زندگی

یہ خبر ماں باپ کو ہے ان کی کوئی پروا نہیں
رفتہ رفتہ ہو گئے سب پردہ دارِ زندگی

حلت و حرمت کا جب کھٹکا نہیں خطرہ نہیں
ہے سراسر اس چمن میں پھر بہارِ زندگی

بڑھ رہا ہے رفتہ رفتہ جسمِ انساں کا غبار
چھانہ جائے جسم بن کر غبارِ زندگی

اور ابھی کچھ سال تک شاہد ہیں یہ رنگینیاں
پھر سمجھ میں آئے گا آن کے شعارِ زندگی

غزلیں

میرے بعد آنکھ ان کی ڈبڈبائے گی میری جب یاد آئے گی
گھٹا امڈی تو بے برسے نہ جائے گی میری جب یاد آئے گی
بہت ہنستے ہیں کچھ بن بن نہ آئے گی میری جب یاد آئے گی
یہ زنجیرِ تکلف ٹوٹ جائے گی میری جب یاد آئے گی
کلیجہ دھک سے ہو جائے گا سینہ میں بدن ہوگا پسینہ میں
جگر میں ایک بجلی کوند جائے گی میری جب یاد آئے گی
بہت سنسان ہونگے آئینہ خانے دھرے رہ جائیں گے یہ شانے
وہ زلفِ خم بہ خم بھر بل نہ کھائے گی میری جب یاد آئے گی
صبا کو درد و سوز و ساز بخشا ہے خرامِ ناز بخشا ہے
صبا بھی چلتے چلتے لڑکھڑائے گی میری جب یاد آئے گی
نہ بلبل کو ترانے یاد آئیں گے نہ سبزے لہلہائیں گے
کلی بھی مسکرانا بھول جائے گی میری جب یاد آئے گی
یہ دنیا جو بہت اترائے چلتی ہے مجھے ٹھکرائے چلتی ہے
میری غزلوں کو سینے سے لگائے گی میری جب یاد آئے گی

کلیم عاجز

اے ستاروں کہ گزرگاہ پہ جانے والے
روشنی امن کی ہم ہی دکھانے والے

ہم سجاؤ لب و رخسار گل و کاکل کو
آئینہ ہم ہی ہیں اے دوست دکھانے والے

اپنی حالت کو جو دیکھا تو احساس ہوا
تجھ سے اچھے تھے وہ پتھر کے زمانے والے

کیوں تیری یاد سے جل اٹھتے ہیں ماضی کے چراغ
تجھ سے وابستہ نگاہوں کو چرانے والے

میرے جذبات کے سینے سے دھواں اٹھتا ہے
دوست تم ہی ہو میرے دل کو دکھانے والے

اب کہاں رسمِ وفا جو کہ نبھائے کوئی
اگلے وقتوں کے تھے وہ لوگ نبھانے والے

ہے یہ مشہور کہ افضل میں بڑی خوبی ہے
لوگ کیسے ہیں یہاں بات بنانے والے

افضل امام ویسٹن انٹاریو

PIRRI'S Dixieland MARKET
FRESH FRUITS — VEGETABLES — FLOWERS

گروسری، تازہ سبزیاں اور ہر قسم کے مصالحہ جات
نہایت ہی سستے داموں پر خریدنے کیلئے
ہمارے ہاں تشریف لائیں۔

Retail: 1100 Pharmacy Ave. (at Lawrence) Scarborough, Phone: 759-0473

Wholesale: 1052 Birchmount Rd. (1 block N. of Eglinton Ave.), Scarborough, Phone: 759-5214

آپ سے کیا پردہ

"کتا" "کی کمینہ" - بازار میں میرے ہمسفر صاحب نے جو نہی یہیں ان اللہ [illegible] کا سلسلہ توڑ کر ان کی طرف متوجہ ہوتے فرما رہے تھے۔ "بھئی یہ ہی جول کے ڈھکنوں کی طرح ان گول آنکھوں سے کیا دیکھ رہے ہو۔" کیا غضب کرتے ہو [illegible] تنخواہ نکال کر دو کا فاصلہ کر دے ہے تب ہمیں احساس ہوا کہ ہم نے اپنی جیب میں ڈال لیے تھے ان کی جیب میں ہاتھ ڈال دیا تھا۔ اور ان کو معلوم حلال کمائی کو اپنے اوپر حرام کر رہے تھے

کتا - یہ لفظ کتنا عجیب ہے۔ پچھلے لوگ اسے بچوں کو ڈرانے کے لئے استعمال کرتے تھے، بچے اس سے کھیلتے ہیں اور [illegible] حضرات محبوں کو اور منجیوں کو اس سے نوازتے ہیں۔ ہم بھی [illegible] ہیں، ذرا کسی کی بات پسند نہ آئی [illegible] اب ہر کسی کی بات پر کسی کو [illegible] کل [illegible] صاحب بھی اسی لفظ سے نواز رہے تھے ہم نے سوچا کہ اس جانور نے ایسا کون جرم کر دیا ہے کہ ہر جگہ اسے ہی شرف بخشا جاتا ہے [illegible] جہاں [illegible] لیتے ہیں، ایک ہم صرف کتے تک ہی محدود رہ گئے ہیں۔ یہ عجیب اتفاق ہے کہ گلی میں نکلو [illegible] دم ہلاتا [illegible] اور دکان پر جا [illegible]

کیا۔ اور [illegible] صاحب کا گیا۔ اور [illegible] گھر آ [illegible] ہے لیکن اکثر ایسے دیکھے بھی [illegible] ہیں لیکن اس بیچارہ [illegible] کبھی شکایت نہیں کی لیکن اس بیچارے کی یہاں کوئی عزت نہیں بے شک یہ اکثریت میں ہیں ان میں خاندانی منصوبہ بندی [illegible] کا کوئی [illegible] نہیں [illegible] ہوا کہ کل جب ہم قسمت کے مارے ہوئے ایک مقام پر گئے [illegible] فرما رہے تھے [illegible] کارکردگی کو [illegible] خاندانی منصوبہ بندی [illegible] دکھائی [illegible] جب زمانہ قدیم میں بادشاہ [illegible] حملہ کرتے تھے اور [illegible] کے ساتھ [illegible] چند [illegible] بعد [illegible] ایک [illegible] دانتوں سے [illegible] اپنی وحشت [illegible] اکثریت سے [illegible] ہم نے [illegible] دشمن کو [illegible] کے داخلی معاملات [illegible] مداخلت کی [illegible] ہمارا ایک [illegible] اس میں [illegible] اکثریت کی [illegible] ہم نے [illegible] حالات [illegible] قبضے سے آئے ہاتھ دھو چکے تھے لیکن پھر بھی

ان کی خوشامد کر کے انکار اور [illegible] کے گوشت لانے کا وعدہ کر کے اپنی جان بچائی ورنہ ہماری [illegible] زیادہ قیمتی تھی [illegible] ہم نے اس [illegible] ہمارا [illegible] چند روز سے ہم مسلسل اپنے گھر میں مستقل قیام کئے ہوئے ہیں لیکن ایک بات ہے کہ [illegible] بہت [illegible] کرتے ہیں، جنہیں ہم نے [illegible] اور [illegible] کے ساتھ [illegible] ہیں کہ [illegible] نہیں [illegible] اللہ [illegible] کا [illegible] پورا کر دے رہے ہیں۔

شاید ان کتوں نے بھی کوئی [illegible] پہلے جب [illegible] دیکھ رہے ہیں [illegible] نور [illegible] نہیں [illegible] اللہ [illegible] ہی زیادہ [illegible] شکست [illegible] اور [illegible] آسمان [illegible] ایک بات [illegible] نہیں [illegible] ادھر ہی [illegible] ادھر [illegible] پیارا نام ہے ان

بقیہ صفحہ ۵ پر

بہت سے امراض کا ایک بنیادی سبب غصہ ہے

جوش و غضب کی قوت کو کام دیجیے کہ وہ آپ کے کام آئے، نہ کہ آپ کے خلاف کام کرے۔

انسانی اخلاق کے ماہرین نفسیات نے اس بات کا اظہار کیا ہے کہ تمام حادثات میں [illegible] استعمال کا ہوتا ہے [illegible] کا اعتراف نہ کیا جائے [illegible] میں ایک مطالعاتی گروپ کے معلوم ہوا کہ جانی نقصان [illegible] حادثات میں [illegible] غصے کے شکار [illegible] خطرناک حادثات نہیں ہوئے تھے۔

حیرت کی بات یہ ہے کہ جب آپ غصے میں ہوں [illegible] اس کا علم نہ رکھتے ہوں تو تشویش کرنے لگتے ہیں [illegible]

[illegible]

معلوم کیجیے آپ کو غصہ کس بات پر آتا ہے۔

[illegible]

غصے کو ذخیرہ نہ کیجیے

[illegible]

اس بات کو تسلیم کیجیے کہ غصہ ایک نارمل حالت کا نام ہے

[illegible]

غصے کو کام میں لائیے

[illegible]

[illegible] کہا جاتا ہے [illegible] جوش و خروش [illegible] بے انصافی کے خلاف آواز [illegible] ہیں کہ غصہ اور جوش نے انسان کو [illegible] اس کے حصول کے لئے [illegible] کا استعمال کیا اور وہ بڑا آدمی بن گیا۔

[illegible]

بنتا ہے ایسے شخص کے لئے زندگی کی تکالیف اور ناکامیاں کم ہو جاتی ہیں۔

نفسیات کے کچھ ماہرین نے ذہانت کی تعریف اس طرح کی ہے: ماحول سے مطابقت پیدا کرنے کی صلاحیت۔ اس تعریف کے پس منظر میں یہ حقیقت کارفرما ہے کہ انسان روز اول سے ماحول سے مطابقت پر مجبور رہا ہے۔ [illegible] خوراک، لباس اور مسکن کی فراہمی [illegible]

پیدا کر سکنے کے لئے قدرت کی پیدا کی ہوئی چیزوں کو استعمال کیا گیا اور ان کی شکل و صورت میں تبدیلی پیدا کر کے زیادہ مفید اور آرام دہ بنا لیا گیا ہے۔ [illegible] مطابقت [illegible] ضرورت ختم نہیں ہوئی۔

نظم

اضافیت

(حلقہ ادب ہملٹن میں پڑھی گئی)

چند لمحوں سے بنے لمحوں میں گھڑی کی ٹک ٹک
اور چند لمحوں سے پھر لمحے بنے لمحے بنے اور بنے
اور یہ صدیاں بھی لمحے ہی تو ہیں
بلکہ لمحے بھی نہیں طاقت ازلی کیلئے!

کل کے میل آج کے [illegible] ہیں ہزاروں میل
کل کی بیلیاں آج کی تو ہیں راکٹ
اور ہر چیز کی رفتار جو یونہیں بڑھ جائے
تو یہ لمحات ہی صدیاں بن جائیں

آج یونہی جو میری نبض بڑی ہوتی چلی جائے اور قلم اور ہر چیز
کوئی محسوس نہیں کر سکتا
اور اک چیز جو سکڑی وہی چھوٹی رہے ویسی ہی رہے
تو وہ ایک نقطہ بن جائے نامحسوس

اور یہاں موت ہے تاریکی ہے
زندگی روتی ہے مایوس مریضوں کی طرح
اور کچلے ہوئے انسانوں کے در پر جو امید آتی ہے
آ کے پلٹ جاتی ہے بھٹکے ہوئے راہی کی طرح

اس پہ بھی میں جلا رکھی ہے اپنی قندیل
ذرے تاریکی کے دامن سے چھپائے ہوئے مگر
ہے مرے چاروں طرف ایک دھندلکا طاری
پر اندھیرے میں دھندلکا بھی تو دن ہے جیسے
جنتا میں سانولی رنگت ہی پری کی ہو گی
اے خدا میں تو سیہ کار نہیں ؟!

ڈاکٹر سید احمد جامعہ میکماسٹر

AMEER'S GROCERY
FISH AND MEAT MARKET

1446 Gerrard Street East
..., Ont.
(Next to L... Jewellers)

Indian and West Indian Grocery Store

Has Opened to Serve You

Best Quality Goods At Low Low Prices

یہاں سے دال، چاول، مصالحہ جات
اور
تازہ مچھلیاں مناسب قیمتوں پر مل سکتی ہیں
حلال گوشت کا بھی جلد بندوبست کیا جا رہا ہے
دوکان بند ہونے کی صورت میں
466-5456 پر فون کر کے آڈر دیا جا سکتا ہے

Starting Fish and Halal Meat section very soon.
Also Fresh Vegetables

FREE DELIVERY in Metro (Mon-Thurs. Only)
for purchase of over $25.00

Call Ameer at (416) 461-1023

افغانستان

[illegible]

ضرورت رشتہ

پاکستانی لڑکی کیلئے اسٹوڈنٹ لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔ لڑکی کے متعلق تفصیل درج ذیل ہے۔
عمر ۲۷ سال
تعلیم بی۔اے
رنگ سانولا
قد ساڑھے پانچ فٹ
وزن ۱۱۵ پونڈ۔ خواہشمند حضرات مزید معلومات کیلئے پتہ یا فون نمبر پر خط لکھیں۔

برائے فروخت

ایک مکان، جس میں کل سات کمرے ہیں، دو منزلہ، دو کچن، دو باتھ روم، فرنشڈ بیسمنٹ، ہائی پارک کے علاقہ میں واقع، انتہائی اچھی حالت میں۔ قیمت صرف ۵۳ ہزار ڈالر۔ آج ہی فون کیجئے۔
فون نمبر 766-6580

یہ جگہ

آپ کے اشتہار کیلئے خالی ہے۔ مختصر اشتہار کا معاوضہ صرف چھ ڈالر ہے جس کا پیشگی آنا ضروری ہے۔

پاکستان مت جائیے

اس وقت تک جب تک کہ ہوائی ٹکٹ کے سلسلہ میں ہم سے بات نہ کریں۔

آج کے دور میں دس ڈالر کی بچت بھی بہت ہے۔ تمام جگہوں سے ٹکٹ کی قیمت معلوم کریں، پھر ہمارے پاس آئیں۔

ہمیں یقین ہے کہ آپ ٹکٹ کی قیمت اور ہماری سروس دونوں پسند کریں گے۔



Big Ben Travel

IATA

Suite 201, Victory Bldg.
80 Richmond St. West.
Toronto, Ontario
Canada M5H 2A4
Tel: 364-0750

آج ہی فون کریں
364-0750

North Hill Shopping Center
1768 14 Avenue N.W.
Calgary, Alberta,
Canada, T2N 1M5
Tel: [403] 289-1913

FORTNIGHTLY

MESSENGER

P.O.Box 2114
Postal Station "B"
Scarborough, Ontario
Canada M1N 2E5

Editor & Publisher: Sohail Akhtar

Vol. 2 | Oct. 7, 1979 | No. 19

ہمارے سالہا سال کے تجربے سے فائدہ اٹھائیں

BIG BEN TRAVEL

Please Call Toronto 364 0750

NORTH HILL SHOPPING CENTRE
1768 - 14 AVENUE N.W.
CALGARY, ALBERTA, CANADA
T2N 1M5
TELEPHONE: (403) 289-1913-4

24 SOUTHCENTRE MALL
100 ANDERSON RD. S.E.
CALGARY, ALBERTA, CANADA
T2J 3V1
TELEPHONE: (403) 271-1793-4

MARLBOROUGH TOWN SQUARE
3835 MEMORIAL DR. N.E.
CALGARY, ALBERTA, CANADA
T2A 2K2
TELEPHONE: (403) 273-7678-9

SUITE 207, VICTORY BUILDING
80 RICHMOND STREET WEST
TORONTO, ONTARIO, CANADA
M5H 2A4
TELEPHONE: (416) 364-0750

صدر ترہ کی ایوانِ صدر کی جھڑپ میں ہلاک ہو گئے!!

دو وزیر بھی ہلاک ۔ وزیر تجارت عبدالقدوس غوربندی روپوش ہو گئے

سالانگ پر ہوا اطلاعات میں سفارت کاروں کا کہنا ہے کہ شاید یہ تینوں ہلاک ہو گئے ہیں کابینہ میں ردوبدل میں جس تیسرے وزیر کو نکالا گیا تھا وہ وزیر تجارت عبدالقدوس غوربندی ہیں ان کے بارے میں بیان کیا جاتا ہے کہ وہ کابل سے بھاگ گئے ہیں اور وہ کمیونسٹ حکومت کے خلاف جنگ کرنے والے باغیوں سے جا ملے ہیں بعض حلقوں کا کہنا ہے کہ کابینہ میں ردوبدل کے بعد حفیظ اللہ امین نے صدر ترہ کی کو مستعفی ہونے کے لیے زبردست دباؤ ڈالا تھا کابل ریڈیو کی اطلاع کے مطابق

حکمران خلق پارٹی (پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی) کی مرکزی کمیٹی کے چار گھنٹے کے اجلاس میں مسٹر حفیظ اللہ امین کو پارٹی کا سیکرٹری جنرل اور انقلابی کونسل کا صدر مقرر کیا گیا ہے ریڈیو نے کہا کہ صدر ترہ کی نے خرابی صحت کی بنا پر استعفیٰ دیا ہے لیکن یہاں سفارت کاروں کا خیال ہے کہ گذشتہ جمعہ کے روز جب صدر ترہ کی نے کابینہ میں ردوبدل کی مخالفت کی تو صدر ترہ کی کو زبردستی صدارت کے عہدے سے ہٹا دیا گیا جب وزراء کو برطرف کیا گیا تو صدر کے محل کے ارد گرد گولیاں چلنے کی آوازیں آئیں اور گذشتہ روز وہاں مسلح فوج اور ٹینک موجود تھے خیال کیا جاتا ہے کہ حفیظ اللہ امین عنقریب ریڈیو سے قوم سے خطاب کرنے والے ہیں جس میں وہ حکومت میں تبدیلی کی وضاحت کریں گے ایک ایشیائی سفارت کار نے کہا ہے کہ حفیظ اللہ امین صدر ترہ کی سے جان چھڑانا چاہتے تھے دو روز قبل جو چپقلش شروع ہوئی تھی اور صدر ترہ کی کے چلے جانے سے یہ عمل مکمل ہو گیا افغانستان کے بارے میں ایک

خبر میں یہ کہا گیا ہے کہ گذشتہ کچھ عرصے سے صدر ترہ کی ملک میں کی جانے والی اصلاحات کے خلاف عوام کے زور پکڑنے سے پریشان تھے گذشتہ دن [illegible] اسکی نواز افغان حکومت اپنے خلاف برسر پیکار باغیوں سے ۲۹ میں سے ۲۳ صوبوں میں نبرد آزما ہے گذشتہ ماہ مسلم باغیوں نے سرکاری فوجوں پر زبردست حملے کیے اور سرکاری فوجوں کا زبردست نقصان ہوا مشرقی صوبہ کنہار میں اسمار کی چھاؤنی پر قبضہ کر لیا

افغانستان کے نئے صدر حفیظ اللہ امین۔

اور پکتیا صوبہ میں سرکاری فوج کے بہت سے یونٹوں نے ہتھیار ڈال دیئے تھے سرکاری فوج کی طرف سے

باقی صفحہ ۸ پر

نئے صدر حفیظ اللہ امین انتہا پسند مانے جاتے ہیں

اسلام آباد ۔ خبر رساں ایجنسی [illegible] معلوم ہوا ہے کہ افغانستان کے صدر ترہ کی کے مستعفی اور دو وزیروں کی برطرفی کے اعلان سے پہلے جمعہ کو کابل کے ایوان صدر میں خونریز جھڑپ ہوئی تھی جس میں صدر ترہ کی کے محافظ اور چیف آف کیبنٹ سید داؤد ہلاک ہو گئے تھے سید داؤد کو پورے اعزاز کے ساتھ گذشتہ روز دفن کیا گیا ایک مغربی ملک کے سفارت کاروں کا کہنا ہے کہ ان جھڑپوں میں شاید نکالے جانے والے صدر اور برطرف شدہ دو وزراء بھی مارے گئے ہیں برطرف کیے جانے والے اعلان کے بعد خلق پارٹی کے انتہا پسند تھا وزیر اعظم حفیظ اللہ امین نے خود ہی صدارت کے فرائض سنبھال لیے کابینہ سے جن دو وزراء کو نکالا گیا تھا انہیں گذشتہ سال اپریل میں انقلاب لانے والے رہنماؤں کے ساتھ صدر ترہ کی کا رابطہ تصور کیا جاتا تھا صدر ترہ کی اور کابینہ سے برطرف کیے جانے والے دو وزراء لیفٹیننٹ کرنل محمد اسلم وطنجار وزیر داخلہ اور میجر شیر جان مزدوریار وزیر سرحدی امور کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں کہ ان کے

PLEASE SUBSCRIBE TO THE MESSENGER
A FORTNIGHTLY *Popular* URDU NEWSPAPER

SUBSCRIPTION RATES:

1 YEAR.............. $ 10.00 (US AIRMAIL $12.00)
2 YEAR.............. $ 20.00 (US AIRMAIL $22.00)
6 MONTH .... $ 6.00 (US AIRMAIL $ 7.00)
ANYWHERE ELSE FOR 1 YEAR BY AIRMAIL $ 15.00

P. O. BOX 2114
POSTAL STATION "B"
SCARBOROUGH, ONTARIO.
CANADA M1N 2E5
PHONE (416) 267-8006

NAME ....

ADDRESS ....

....

POSTAL CODE ....

TELEPHONE ....

PLEASE MAKE CHEQUES PAYABLE TO "THE MESSENGER"

قربانی

کیلئے ہم سے رجوع کریں

ہر سال کی طرح اس دفعہ بھی ہم نے قربانی کے سلسلہ میں مکمل انتظامات کئے ہیں

گائے میں حصہ لینے کے خواہشمند حضرات آج ہی رابطہ قائم کریں۔

HOUSE OF HALAL MEAT
803 Danforth Avenue
Toronto, Ontario
WHOLESALE & RETAIL
Please Call ISMAIL At
461-2839